## انقلاب آسمان سے اتر کر فرشتے نہیں لاتے بلکہ فرسودہ نظام کو عوام تبدیل کرتے ہیں۔الطاف حسین

## ایم کیوایم کی حکومت آئی تو جاگیرداروں اور وڈیروں کی نجی جیلوں کا خاتمہ ہوگا،قرآن سے شادی کی ظالمانہ رسم ختم کی جائے گی اورخواتین کو اس ظلم سے نجات دلائی جائے گی

### جامشورو ،ٹھٹھہ ، خیر پور ا ورنوشہروفیروز میں انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلیفونک خطاب

لندن ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک میں ناانصافیوں ، محرومیوں اورغربت وا فلاس کی سب سے بڑی وجہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے ۔ انہوں نے کہاکہ انقلاب آسمان سے اتر کر فرشتے نہیں لاتے بلکہ فرسودہ نظام کی تبدیلی عوام اپنے اتحاد کے ذریعے کرتے ہیں۔ ملک میں ایم کیوایم کی حکومت آئی تو سندھ میں جاگیرداروں اور وڈیروں کی نجی جیلوں کا خاتمہ ہوگا،قرآن سے شادی کی ظالمانہ رسم ختم کی جائے گی اورخواتین کو اس ظلم سے نجات دلائی جائے گی۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز جامشورو ،ٹھٹھہ ، خیر پورکے علاقے گمبٹ ا ورنوشہروفیروز کے علاقے محراب پورسٹی میں ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فو نک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ان جلسوں میں شہری علاقوں سمیت قصبوں اوردیہی علاقوں کے عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ اگر کسی جگہ گندگی اور غلاظت پڑی ہو اور اس سے تعفن اٹھ رہا ہوتو محض یہ کہہ دینے سے گندگی اور غلاظت ختم نہیں ہوگی کہ غلاظت پڑی ہے اور بدبوآرہی ہے ۔ انہوں نے کہاکہ جب تک اس گندگی اور غلاظت کو صاف نہیں کیا جائے گا اس سے تعفن اٹھتا رہے گا اور اس گندگی میں موجود جراثیم اس جگہ رہنے والوں کو طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا کرتے رہیں گے لہٰذا س حقیقت کوتسلیم کرنے کے بعد عملیت پسندی کا تقاضا ہے کہ بیماریوں کو پیدا کرنے والے جراثیموں سے چھٹکارہ پانے کیلئے اس گندگی یا غلاظت کوختم کیا جائے ۔انہوں نے مزید کہاکہ اسی طرح پاکستان میں طبقاتی کشمکش، اونچ نیچ کی تفریق، ناانصافیوں ، محرومیوں ، بھوک و افلاس، غربت اور بے روزگاری جیسی بیماریوں کی اصل وجہ ملک وقوم پر مسلط بوسیدہ اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام حکومت ہے اوراس بیماراورفرسودہ نظام کے تحت جاگیرداراوروڈیرے معاشرے میں بھوک وافلاس، غربت، ناانصافیوں اورمحرومیوں کی بیماریاں پیدا کرتے ہیں ۔ انہوں نے کہاکہ پاکستان کے قیام کو 60 برس گزر چکے ہیں اور آج تک یہی دیکھا گیا ہے کہ بڑے بڑے جاگیردار ، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے بچے توملک میں مہنگے اسکولوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں اورپھر امریکہ اور برطانیہ جاکر اعلیٰ تعلیم حاصل کرتے ہیں لیکن 60 برسوں سے باربار حکومت میں آنے والے ان جاگیرداروں اور وڈیروں نے اندرون سندھ کے غریب علاقوں میں رہنے والے ہاریوں ، کسانوں ، مزدوروں اور محنت کشوں کے بچوں اور بچیوں کیلئے اعلیٰ معیار کے اسکول اور کالج قائم نہیں کئے ، انکے علاج ومعالجہ کیلئے اسپتال ، ڈسپنسریاں اورصحت کے مراکز قائم نہیں کئے۔ اندرون سندھ کے متعدد علاقے ایسے ہیں جہاں ان جاگیرداروں اور وڈیروں نے طاقت کے زور پر اسکول اور کالج کھلنے نہیں دیئے اور جو اسکول کھولے گئے انہیں گھوسٹ اسکولوں میں تبدیل کردیااور غریب ہاریوں کے بچوں کوتعلیم سے محروم رکھا تاکہ غریب ہاری اور کسان کے بچے کبھی اس قابل نہ ہوسکیں کہ وہ جاگیرداروں اوروڈیروں کے مظالم کے خلاف آوازحق بلند کرسکیں ۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ تعلیم شعوردیتی ہے اور انسان کی سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت میں اضافہ کرتی ہے اور انسان کو بتاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نظر میں امیراورغریب میں کوئی فرق نہیں ہے لیکن یہ جاگیردار اوروڈیرے زمینی خدا بن بیٹھے ہیں ۔ انہوں نے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہاکہ جب تک آپ تعلیم حاصل نہیں کریں گے آپ کیسے جانیں گے کہ کون ظالم ہے اور کون مظلوم ہے ؟ انہوں نے کہا کہ عوام کی اکثریت تعلیم،علاج ومعالجہ ، پینے کے صاف پانی اور روزگار جیسی سہولیات سے محروم ہے جبکہ جاگیرداروں اوروڈیروں کے ہاں پانی ، بجلی، گیس سب کچھ ہے ، ان کی اولادیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرتی ہیں اور انتخابات میں حصہ لیکر یہی لوگ نسل درنسل اقتدارمیں آتے ہیں۔ انہوں نے سندھ کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کیا آپ ہمیشہ اسی طرح تعلیم اور زندگی کی دیگر بنیادی سہولیات سے محروم رہنا چاہتے ہیں؟ کیا آپ جاگیرداروں ، وڈیروں اور دولت مندوں کی غلامی کرتے ہوئے ہمیشہ انکی جائز وناجائز باتیں مانتے رہیں گے ؟ اگر آپ غیر منصفانہ اور فرسودہ نظام کی تبدیلی چاہتے ہیں تو پھرآپ کو میدان عمل میں آنا ہوگا، اس فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کرنی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ انقلاب آسمان سے اتر کر فرشتے نہیں لایا کرتے بلکہ فرسودہ نظام کی تبدیلی عوام اپنے اتحاد کے ذریعے لیکر آتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کارکنوں سے کہا کہ سندھ کے جاگیرداروں اور وڈیروں کی جاگیروں میں رہنے والے غریب ہاریوں اورکسانوں کی بہت بڑی تعداد دل سے ایم کیوایم میں شامل ہوناچاہتی ہے اور ایم کیوایم کوووٹ دیناچاہتی ہے لیکن ان میں اب بھی جاگیرداروں اوروڈیروں کا خوف ہے کہ اگروہ متحدہ میں شامل ہوئے توانہیں جاگیرداروں اور وڈیروں

کے ظلم کا سامنا کرنا پڑے گالہٰذاایم کیوایم کے کارکنان ایسے ہاریوں اورکسانوں سے کہیں کہ وہ بیج کسی بھی جاگیرداریاوڈیرے کالگالیں لیکن پولنگ بوتھ میں جاکر پتنگ پر مہر لگاکر نظام کی تبدیلی کیلئے اپنا حق ادا کریں ۔انہوں نے کہاکہ ابھی وہ وقت نہیں آیاکہ ہم جاگیرداروں کے محلوں کے سامنے کھل کرجلسہ کریں۔ جس طرح ابتدائے اسلام میں مٹکوں میں اذان دی جاتی تھی اورچھپ کرنماز پڑھی جاتی تھی مگرپھروہ وقت بھی آیاکہ کھل کراذان دی گئی اور اعلانیہ نماز پڑھی گئی۔ انشاء اللہ وہ وقت آئے گاکہ جب ہم جاگیرداروں اوروڈیروں کے محلوں کے سامنے بڑے بڑے جلسے کرینگے اورعوام کے نعروں سے انکے محلوں کی دیواریں پاش پاش ہوجائینگی ۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ متحدہ قومی موومنٹ کی حکومت آئی تو وہ جگہ جگہ اسکول، کالج کھولے گی جہاں غریب ہاریوں کسانوں کے بچوں کو مفت تعلیم دی جائے گی، خواتین اوربچیوں کی تعلیم کیلئے بھی تعلیمی مراکزقائم کئے جائیں گے، علاج کی سہولتوں کیلئے اسپتال اور ڈسپنسریاں قائم کی جائیں گی،عوام کو پینے کاصاف پانی فراہم کیاجائے ، دیہی علاقوں میں سڑکیں بنائی جائیں گی، جگہ جگہ چھوٹی چھوٹی انڈسٹریز لگانے کیلئے غریبوں کوقرضے دیے جائینگے۔ انہوں نے کہاکہ ہم چاہتے ہیں کہ بجلی ، صاف پانی اورگیس صرف جاگیرداروں اوروڈیروں کے گھروں میں ہی نہ ہو بلکہ غریب ہاریوں، کسانوں اورمزدوروں کے گھروں میں بھی یہ سہولتیں پہنچیں۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ متحدہ کی حکومت آئی توسندھ میں جاگیرداروں اور وڈیروں کی نجی جیلوں کاخاتمہ ہوگااورغریب ہاریوں کو ان نجی جیلوں میں بندکرنے والے جاگیرداروں کو جیلوں میں بندکردیاجائے گا۔انہوں نے کہاکہ سندھ کے جولوگ ڈاکوکلچرکاحصہ بن گئے ہیں اورجنہوں نے مجبوراً اس راستہ کواختیارکیاہے ہم انہیں بھی سمجھائیں گے کہ وہ یہ راستہ چھوڑدیں، روکھی سوکھی کھاکر گزارا کریں اورجرائم کاراستہ چھوڑکرسندھ کے حقوق کی جدوجہدمیں شامل ہوجائیں۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ متحدہ کانظریہ حقیقت پسندی اورعملیت پسندی ہے اورہم دوستی اوراتحادکی صرف بات ہی نہیں کرتے بلکہ عملی مظاہرہ کرکے دکھاتے ہیں، ہم نے سندھی بولنے والے غریب سندھی کارکنوں کوعزیزآباد، ملیر اور کراچی کے علاقوں سے نہ صرف ٹکٹ دیئے بلکہ کامیاب کرواکر ایوانوں میں بھیجا۔ انہوں نے سوال کیاکہ کیاکسی اورجماعت نے اپنے غریب کارکنوں کو اسمبلیوں میں بھیجا؟انہوں نے کہاکہ الطاف حسین جوبات کہتاہے دل کی گہرائیوں سے کہتا ہے ،کوئی مانے یانہ مانے الطاف حسین سندھ دھرتی کاسچابیٹاہے ،غریبوں کاسچاسپاہی ہے، سندھ دھرتی سے میراروح کا رشتہ ہے اورسندھ کی عزت مجھے اپنی جان سے زیادہ عزیز ہے اورمیں سندھ کواسکے حقوق دلانا چاہتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ کے دانشوروں،قلم کاروں، ادیبوں ، صحافیوں سب کافرض ہے کہ جوعناصرسندھ کے مستقل باشندوں کوآپس میں لڑانا چاہتے ہیں اورلسانی فسادات کرانا چاہتے ہیں وہ ان عناصر کی سازشوں کوناکام بنائیں اورعوام کوآگاہ کریں کہ سندھ کے مستقل باشندے دھرتی ماں کے بیٹے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ نام نہادقوم پرست جوسندھ کے دعویداربنتے ہیں وہ متحدہ کی کانفرنس کاتو بائیکاٹ کرتے ہیں جس میں سندھ کے اتحادکی بات کی جاتی ہے لیکن یہ لوگ دیگرصوبوں میں جاکرانکے اجلاسوں میں شرکت کرکے فخرمحسوس کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کارکنوں اورعوام سے کہا کہ وہ آپ ثابت قدمی سے جدوجہدکرتے رہیں انشاء اللہ ایک دن آئیگاکہ سندھ اور سندھ کے عوام کی قسمت بدلے گی، جاگیرداروں کازوال ہوگااورغریب ہاریوں ،کسانوں اور متوسط طبقہ کی حکمرانی کاسورج پوری آب وتاب سے چمکے گا، سندھ سے نفرتوں کاہمیشہ کیلئے خاتمہ ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے جلسوں کے انعقادپر جامشورو،ٹھٹھہ،نوشہروفیروز اورخیر پورزونوں کے کارکنوں اورذمہ داروں کوخراج تحسین پیش کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی حکومت آئی توہم قرآن سے لڑکیوں کی شادی کی غیرشرعی اورظالمانہ رسم کاخاتمہ کریں گے۔الطاف حسین

### سندھ کے نوجوان اس ظالمانہ کلچرکوبدلنے کیلئے الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں

### جامشورو ،ٹھٹھہ ، خیرپورا ورنوشہروفیروزمیں ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب

لندن ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی حکومت آئی توہم قرآن سے لڑکیوں کی شادی کی غیرشرعی اورظالمانہ رسم کاخاتمہ کریں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز جامشورو ،ٹھٹھہ ، خیرپورا ورنوشہروفیروزمیں ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہاکہ سندھ میں بڑے بڑے وڈیرے اپنی جائیدادیں بچانے کیلئے اپنی بیٹیوں کی شادیاں قرآن

مجید سے کردیتے ہیں جوکہ سراسر غیرشرعی اورظالمانہ رسم ہے اورسندھ کی بیٹیاں اوربہنیں اس ظلم کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم اقتدار میں آکر اس ظالمانہ رسم کا خاتمہ کریں گے اور سندھ کی بیٹیوں اوربہنوں کواس ظلم سے نجات دلائیں گے اوراس ظلم کا شکاربچیوں کی شادیاں بھی کریں گے۔جناب الطاف حسین نے سندھ کے نوجوانوں کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی ماؤں،بہنوں اوربیٹیوں پرصدیوں سے مظالم ہوتے چلے آئے ہیں،آپ کی بھی بہنیں اوربیٹیاں ہیں ، آپ سندھ کی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کوظلم سے نجات دلانے اوراس ظالمانہ کلچرکوبدلنے کیلئے الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں، دوسروں کی ماؤں، بہنوں اوربیٹیوں کا اپنی ماں بہن بیٹی کی طرح احترام کریں ، انکی عزت کریں اورجولوگ چلتے پھرتے ماں بہن بیٹیوں کوچھیڑتے ہیں انہیں اس شرمناک عمل سے روکیں اورماؤں بہنوں کی حفاظت کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تمام نوجوان اپنے اپنے علاقوں میں خواتین کا احترام کریں گے اورانہیں تحفظ فراہم کریں گے تو وہ آپ کواپنا محافظ سمجھ کرتعلیم اورروزگارکیلئے بلاخوف وخطر گھرسے نکل سکتی ہیں لیکن اس کیلئے نوجوانوں کوعلاقوں کا ماحول تبدیل کرنا ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے طالبعلموں سے کہا کہ وہ دل لگا کر پڑھیں،نقل سے پرہیز کریں، خواتین اوراساتذہ کا احترام کریں۔

## ''کوئی کوشش کرو کہ بیٹھنے سے کچھ نہیں ملے گا'' الطاف حسین نے شاہ لطیف کے اشعار پڑھے

لندن ۔۔۔6، فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بدھ کوجامشورو ،ٹھٹھہ ، خیر پور ا ورنوشہروفیروز میں ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے سندھ کے بزرگ صوفی شاعر حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے اشعار کے حوالے سے عوام کوعملی جدوجہد کی تلقین کی ۔انہوں نے اپنے خطاب کا آغاز شاہ لطیف کے معروف دعائیہ شعرسے کیا جس کا ترجمہ ہے'' اے میرے رب، سندھ پر اپنی رحمت برسا اورسارے عالم کوآبادکر'' ۔ انہوں نے کہا کہ ہم شاہ لطیف کے اشعار تو پڑھتے لیکن اس پیغام پرعمل نہیں کرتے ۔ انہوں نے کہا کہ شاہ سائیںؒ نے اپنے شعر میں یہ پیغام دیا ہے کہ'' کوئی حیلہ اور کوشش کرو کہ بیٹھنے سے کچھ نہیں ملے گا، منزل پانے اور مقصد حاصل کرنے کیلئے جتنی بھی مشکلات آئیں انہیں برداشت کروتبھی تمہاری منزل ملے گی اور مقصد سامنے آئے گا ''۔ انہوں نے کہا کہ شاہ لطیف کہتے ہیں کہ اے لوگو! تم بھی انسان ہو، تمہارابھی عزت وآبرو کیساتھ جینے کا حق ہے ۔انہوں نے شاہ لطیف کا ایک اورشعر پڑھا جس کا ترجمہ تھا'' دل والوں سے ، سچے لوگوں سے اگرایک دفعہ محبت کرلو تو پھرکبھی جھوٹے اورفریبی لوگوں سے ملنے کا نہ تودل چاہے گا اورنہ دل میں خواہش پیداہوگی''۔

## متحدہ ، انتخابات کو پرامن طریقہ سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے بھرپورکردار ادا کرے گی، الطاف حسین

## کارکنان وعوام کسی بھی محاذآرائی یا اشتعال انگیزی کے جواب میں پرامن رہیں

## جامشورو،ٹھٹھہ، خیر پور اور نوشہروفیروز کے تحت انتخابی جلسوں میں کارکنان کو ہدایات

لندن۔۔۔6،فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے انتخابات کو پرامن طریقہ سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے اپنا بھرپورکردار ادا کرے گی۔ ایم کیوایم جامشورو،ٹھٹھہ، خیر پوراور نوشہروفیروز زون کے تحت منعقدہ انتخابی جلسوں سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنان وعوام کو ہدایت کی کہ وہ کسی بھی محاذآرائی یا اشتعال انگیزی کے جواب میں پرامن رہیں، اگرکوئی طعنہ دے یا آوازیں کسے تو اس کا کوئی جواب نہ دیں اور عام انتخابات کو پرامن بنانے کیلئے جوبھی کردار اداکرسکتے ہیں ضرور ادا کریں۔انہوں نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے انتخابات کو پرامن طریقہ سے پایہ تکمیل تک پہنچانے میں اپنا بھرپورکردار ادا کرے گی۔جناب الطاف حسین نے انتخابات کے حوالے سے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ بھرپورکوشش کریں کہ ووٹرز کارڈز جلد از جلد عوام تک پہنچ جائیں اور ابھی سے اپنے اپنے علاقوں کے بزرگوں ، ماؤں اور بہنوں سے رابطہ کرکے پولنگ ایجنٹوں کی فہرستیں تیار رکھیں۔ انتخابات والے دن جتنی جلد ممکن ہوسکے ووٹروں کو صبح سویرے ہی پولنگ اسٹیشن پہنچائیں،پولنگ اسٹیشنوں پر پولنگ ایجنٹوں کے کھانے پینے کے

انتظامات کریں۔جناب الطاف حسین نے حق پرست امیدوارون کے پولنگ ایجنٹوں کو ہدایت کی کہ وہ انتخابات والے دن پریزائیڈنگ افسر سے انتخابی نتیجہ کی دستخط شدہ کاپی لئے بغیر پولنگ اسٹیشن سے ہرگز نہ جائیں۔جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں ، بہنوں اور بزرگوں سے کہا اگر وہ خوشی سے حق پرست امیدواروں کے پولنگ ایجنٹ بننا چاہیں وہ متعلقہ زونوں میں اپنے ناموں کا اندراج کرادیں اور جتنا ممکن ہوسکے اپنے قیمتی وقت میں سے کچھ وقت نکال کرتحریک کوضروردیں۔ جنا ب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب جماعت ہے لہٰذا 18، فروری کو انتخابات والے دن جن ووٹروں تک حق پرست امیدواروں کی کوئی گاڑی نہ پہنچ سکے وہ اپنا قومی فرض سمجھتے ہوئے ازخود پولنگ اسٹیشن پہنچ جائیں اور اپنا ووٹ ضرور کاسٹ کریں۔

## جی سی او کوہاٹ میجر جنرل جاوید سلطان سمیت فوج کے افسران کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔6،فروری 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جی سی او کوہاٹ کے ہیلی کاپٹر کے حادثے میں جی سی او کوہاٹ میجر جنرل جاوید سلطان ، بریگیڈئیرافضل چیمہ، لیفٹننٹ کرنل عمرفاروق، کیپٹن ہاری، کیپٹن شہزاد، کیپٹن نوید اور نائیک عامر کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کااظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے فوج کے اعلیٰ افسران اور تمام شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

## عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے نائب صدرفضل الرحمٰن آ کاخیل کی مسلح افراد کے ہاتھوں ہلاکت پرایم کیوایم کااظہارمذمت

## واقعہ پر اے این پی کے تمام رہنماؤں وکارکنوں اور ہلاک ہونے والوں کے لواحقین سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

## جن عناصرنے یہ گھناؤنی کارروائی کی انہوں نے اسکی آڑ میں معصوم شہریوں کی املاک کو نقصان پہنچایا اور لوگوں کو بری طرح زدوکوب کیا

## کچھ عناصر بیرونی آقاؤں کے اشارے پر عام انتخابات کے عمل کو سبوتاژکرنے کیلئے ایسے گھناؤنے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں

کراچی ۔۔۔6 فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے نائب صدرفضل الرحمٰن آ کاخیل کی مسلح افراد کے ہاتھوں ہلاکت پرانتہائی رنج وغم کااظہارکرتے ہوئے دہشت گردی کی اس واردات کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کچھ عناصر بعض بیرونی آقاؤں کے اشارے پر 18 فروری کوملک میں ہونے والے عام انتخابات کےعمل کوسبوتاژ کرنے کیلئے ایسے گھناؤنے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں جس سے نہ صرف یہ کہ امن وامان خراب ہوبلکہ انتخابات کوملتوی یااس کے غیرجانبدارانہ یاشفاف ہونے کومشکوک بنایا جاسکے ۔ رابطہ کمیٹی نے اے این پی کے تمام رہنماؤں وکارکنوں اورمسلح افرادکے حملے کے نتیجے میں ہلاک ہونے والوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سازشی عناصر کی ان سازشوں کوناکام بنانے کیلئے اپنے بھرپوراتحادکامظاہرہ کریں کیونکہ کوئی بھی ذی شعور اور محبّ وطن اس قسم کی سازشوں کو درست قرارنہیں دے سکتا۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے ، لواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے اورامن کی فضاء کوخراب کرنے کی سازشیں کرنے والوں کی سازشوں کوناکام بنائے۔انہوں نے کہا کہ جن عناصرنے یہ گھناؤنی کارروائی کی ہے انہوں نے اس گھناؤنی واردات کے بعداس گھناؤنی واردات کی آڑ میں معصوم شہریوں کی املاک اوران کی گاڑیوں کونہ صرف نقصان پہنچایابلکہ عام لوگوں کوبری طرح زدوکوب کیاجو اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ قتل کی یہ گھناؤنی واردات ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت سازشی عناصرنے کی ہے ۔ جن لوگوں کی املاک وگاڑیوں کونقصان پہنچا ہے اورجن کوزدوکوب کیاہے ان سے متحدہ قومی موومنٹ دلی ہمدردی کااظہارکرتی ہے متاثرہ افراد نائن زیروپر رابطہ کرکے اپنے اپنے نقصانات کااندراج کراسکتے ہیں۔ آخرمیں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیاکہ قاتلوں کوجلدسے جلدگرفتارکرکے قرارواقعی سزادی جائے ۔

## ایم کیوایم نے مظلوم عوام کو انکے جائز حقوق کے حصول کا شعور دیا ہے ، فرحت خان، عبد المعید فاروقی

## نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-133 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 245 فرحت خان اور برائے پی ایس 101 عبد المعید فاروقی نے کہا ہے کہ استحصالی عناصر کے منفی پروپیگنڈوں کے اثرات زائل ہورہے ہیں اور ملک بھر کے مظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-133 میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔حق پرست امیدواران فرحت خان اور عبد المعید فاروقی نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد صرف یہی ہے کہ ملک میں بسنے والی تمام قومیتوں کے ساتھ کسی قسم کا امتیازی سلوک نہ کیا جائے اور انہیں ان کے جائز حقوق میسر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ پرامن اور جمہوری جدوجہد کی ہے اوردرس وتبلیغ کے ذریعے عوام کو انکے جائز حقوق کے حصول کا شعور دیا ہے ۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## دہرا تعلیمی نظام میرٹ اور صلاحیت کا قتل ہے، عبد الوسیم ، محمد عادل خان

## سرجانی ٹاؤن سیکٹر 7 اور اورنگی ٹاؤن یونٹ 121 میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 243 عبد الوسیم اور امیدوار برائے پی ایس 97 محمد عادل خان نے کہا ہے کہ ملک میں دہرا تعلیمی نظام میرٹ اور صلاحیت کا قتل ہے اور ایم کیوایم عوام کی طاقت سے دہرا تعلیمی نظام ختم کرنا چاہتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے تحت سیکٹر 7 اور اورنگی ٹاؤن یونٹ 121 میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے سبب غریب ومتوسط طبقے کے عوام اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں ، انہیں تعلیم، صحت ، روزگار، پانی اور دیگر بنیادی مسائل کا سامنا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عوام کو ایم کیوایم کا ساتھ دینا ہوگا۔

## استحصالی عناصر ایم کیوایم سے خوف زدہ ہیں، محمد ایوب شیخ ، محمد عامر معین

## کورنگی میں منعقدہ انتخابی کارنرمیٹنگوں سے خطاب

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 254 ڈاکٹر محمد ایوب شیخ اور برائے پی ایس 125 محمد معین عامر نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ، عوام کے اتحاد سے ملک میں امن وامان خراب کرنے کی سازشوں کو ناکام بنادے گی اور 18 فروری کا دن عوام دشمن عناصر کیلئے نوشتہ دیوار ثابت ہوگا ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کورنگی کے علاقے سیکٹر R، سیکٹر 13/3 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں اور کورنگی سیکٹر O میں شیخ برادری کے معززین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ۔ اس موقع پر شیخ برادری کے معززین نے حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا یقین بھی دلایا ۔حق پرست امیدواروں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ میں شعوری بیداری پھیلارہی ہے اور ایم کیوایم کے پیغام سے استحصالی عناصر شدید خوف زدہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کررہی ہے ۔

## متحدہ قومی موومنٹ تمام مسالک اور قومیتوں کا گلدستہ ہے ، خواجہ سہیل منصور ، محمد حنیف شیخ

## سعید آباد کاٹھیا واڑ شیدی مسلم حبشی جماعت ،کمہار کچھی جماعت ،ہالائی جماعت کے اکابرین کے اجتماع سے خطاب

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 240 خواجہ سہیل منصور اور برائے پی ایس 91 محمد حنیف شیخ نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ تمام مسالک اور قومیتوں کا گلدستہ ہے ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب سعید آباد کاٹھیا واڑ شیدی مسلم حبشی

جماعت ، کمہار کچھی جماعت اور ہالائی جماعت کے اکابرین اور مختلف کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے معززین کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔حق پرست امیدواران نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اورنظریئے میں ہی پاکستان کے 98فیصد غریب اور متوسط طبقے کے حقوق کا حصول ممکن ہے ۔ انہوں نے کہا کہ 27دسمبر 2007ء کو پورے سندھ خصوصاً کراچی میں احتجاج کے نام پر معصوم لوگوں کے خون سے ہولی کھلی گئی ، ہزاروں گاڑیوں کو لوٹنے کے بعد آگ لگا دی گئی تا کہ سندھ میں لسانی فسادات کی سازش کرائی جاسکے لیکن حق پرست کارکنان وعوام نے دہشت گردوں کی کارروائیوں پر مشتعل ہونے کے بجائے پرامن رہ کر شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کوناکام بنادیا۔

## جس ملک میں تعلیم پر 2.2فیصد خرچ ہوتا ہوں وہاں خوشحالی کیسے آسکتی ہے ، ، وسیم اختر، رضا ہارون

## دہلی مرکنٹائل سوسائٹی میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔قومی اسمبلی کے حلقہ 251 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار وسیم اختر نے کہا ہے کہ حق پرست قیادت نے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے عملی کام کرکے دکھایا ہے اس لئے عوام آئندہ انتخابات میں بھی حق پرستوں کا بھر پور ساتھ دیں گے ۔یہ بات انہوں نے دہلی مرکنٹائل سوسائٹی میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔ وسیم اختر نے کہا کہ عوام باشعور ہیں وہ جانتے ہیں کہ کون سی جماعت عوام سے مخلص ہیں اور کون انہیں سبز باغ دکھا رہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ عوام برادری سسٹم سے باہر آچکے ہیں اور وہ یہ بہتر طور پر فیصلہ کرسکتے ہیں کہ مظلوموں سے کون مخلص ہے ۔کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار رضا ہارون نے کہا کہ گزشتہ ساٹھ برسوں میں عوام کو کچھ نہیں ملا اور اب ملک بھر کے عوام تبدیلی چاہتے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک منشور کے ساتھ عوام میں آئے ہیں اگر ایم کیوایم کو اکثریت حاصل ہوئی تو وہ معیار تعلیم اور صحت کے شعبوں میں تبدیلی لائے گی۔

## پختون عوام مفاد پرستوں کومسترد کردیں، فرحت خان ، ڈاکٹر محمد علی شاہ

## پہاڑ گنج یوسی 2میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام انتخابی مہم کے سلسلے میں پہاڑ گنج یوسی 2نارتھ ناظم آباد میں اجتماع منعقد کیا گیا جس میں حق پرست امیدوار برائے این اے 245فرحت خان ، امیدوار برائے پی ایس 103ڈاکٹر محمد علی شاہ ، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین کے علاوہ یوسی 2پہاڑ گنج ، یوسی 1پاپوش ، یوسی 4عرفات ٹاؤن کے پختون نوجوانوں اور بزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواروں نے کہا کہ کراچی میں آباد پختون علاقے اس لئے پسماندگی کا شکار ہیں کہ وہ جن نمائندوں پر اپنے اعتماد کا اظہارکرتے ہیں وہی ان کو دھوکے دیتے رہے ہیں اور ان کے پسماندگی کے ذمہ دار ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کوپختون علاقوں سے زیادہ ووٹ نہیں ملے اس کے باوجود بھی حق پرست عوامی نمائندوں نے پختون آبادیوں میں ترقیاتی کام کروائے۔انہوں نے پختون عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں مفاد پرستوں کومسترد کردیں۔

## صوبوں کومکمل صوبائی خودمختاری دی جائے ، شیخ محمد افضل

## کورنگی اورلانڈھی کے مختلف علاقوں میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 123 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ ملک کے موجودہ نازک حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ تمام صوبوں کو 1940 کی قرار داد کی روح کے مطابق مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے ۔ یہ بات انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کورنگی کی راجپوت کالونی یوسی 9، کچی مارکیٹ Fایریا اور یوسی 11لانڈھی میں منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔

شیخ محمد افضل نے کہا کہ 23مارچ 1940ء کی قرارتحریک پاکستان میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے اور اس کے تحت تمام صوبوں کوصوبائی خود مختاری دینے سے ہی ملک وقوم کو نازک حالات سے نکال کر ترقی وخوشحالی کی جانب گامزن کیاجاسکتا ہے ۔

## سندھ کی قومی وحدت کے تحفظ کیلئے متحد ہیں، ڈاکٹرصغیر احمد
## المرتضیٰ سوسائٹی پاکستان کوارٹر اور الآصف گراؤنڈ جہانگیر ویسٹ میں رابطہ مہم

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 117 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزدحق پرست امیدوار ڈاکٹرصغیر احمد نے کہا ہے کہ سندھ کی قومی وحدت کے تحفظ کیلئے مظلوم عوام اپنے سر کٹا لیں گے لیکن سندھ دھرتی پر آنچ نہیں آنے دیں گے ۔ یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں المرتضیٰ سوسائٹی پاکستان کوارٹر اور الآصف گراؤنڈ جہانگیر ویسٹ میں گھر گھر عوامی رابطہ مہم کے دوران لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی ۔ اس موقع پر انہوں نے عوام کو ملک کی نازک صورتحال اور سازشوں سے بھی آگاہ کیا ۔ ڈاکٹرصغیر احمد نے کہا کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں ملک کے نازک حالات میں بھی اپنے مفادات کے حصول کی دوڑ میں لگی ہوئیں ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ انہیں ملک وقوم کے مستقبل سے کوئی دلچسپی نہیں ہے ۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے ووٹ کا استعمال ضرور کریں اورحق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں ۔

## حق پرست قیادت کے ترقیاتی کام عوام کے سامنے ہیں، شیخ صلاح الدین
## کے بی آر بفرزون اورسیکٹر 16-A نارتھ کراچی میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔قومی اسمبلی کے حلقہ 244 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزدحق پرست امیدوار شیخ صلاح الدین نے کہا ہے کہ حق پرست قیادت کی جانب سے کرائے گئے ترقیاتی وتعمیراتی کام عوام کے سامنے ہیں اورآئندہ بھی عوام حق پرستوں کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کرکے ترقی کے سفر کو جاری رکھیں گے۔کے بی آر بفرزون اورسیکٹر 16-A نارتھ کراچی میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ ملک قدرتی ومعدنی وسائل سے مالا مال ہے لیکن اس کے باوجودغریب ومتوسط طبقے کے عوام گزشتہ ساٹھ برس سے بنیادی مسائل میں گھرے ہوئے ہیں اور جب تک ملک بھر کے عوام اپنی صفوں سے ایماندار قیادتیں نکال کر ایوانوں میں نہیں بھیجیں گے ان کے مسائل حل نہیں ہونگے۔

## لانڈھی ٹاؤن کی بونیر، ہزارہ اور مردان برداریوں نے آئندہ انتخابات میں
## حق پرست امیدوار ساجد احمد اور سردار خان کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔ لانڈھی ٹاؤن کی بونیر ، ہزارہ اور مردان برادریوں نے آئندہ انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 257ساجد احمد اور برائے پی ایس 128سردار خان کی حمایت کا اعلان کیا ہے ۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز فردوس چالی لانڈھی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ میں کیا ۔ اس موقع پر پی پی پی شہید بھٹو لانڈھی ٹاؤن کے صدر وحید حسن نے بھی آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کیا ۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار ساجد احمد اور سردار خان نے کہا کہ ماضی میں نام نہاد مذہبی جماعتوں نے عوام سے اسلام اور مذہب کے نام پر ووٹ لئے لیکن عوامی مسائل کرنے کے بجائے اپنے مفادات کی دوڑ میں لگی رہیں۔انہوں نے کہاکہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کے قول وفعل میں تضاد ہے لہٰذا عوام نام نہاد مذہبی جماعتوں کو یکسر مسترد کردیں ۔

## میٹرو ول نمبر1سائٹ کراچی کی پنجابی ویلفیئر کمیٹی کے

## عہدیداران نے حق پرست امیدوار صلاح الدین کی حمایت کااعلان کردیا

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔میٹرو ول نمبر1 سائٹ کراچی کی پنجابی ویلفیئر کمیٹی کے چیئرمین راجہ صفدر حسین ، صدر سید سردار علی اور جنرل سیکریٹری مشرف حسین جاوید نے آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدوار برائے پی ایس93صلاح الدین کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز تھری اسٹار اسٹیٹ ایجنسی میٹروول نمبر1 سائٹ کراچی میں حق پرست امیدوارصلاح الدین سے ملاقات کے دوران کیا ۔ ملاقات میں پنجابی ویلفیئر کمیٹی کے عہدیداران نے کہاکہ حق پرست قیادت ہی ملک کی ترقی کیلئے کوشاں ہے اورکراچی میں ہونے والے ترقیاتی وتعمیراتی کام اب کسی کی تعریف کے محتاج نہیں ہیں ۔ انہوں نے کہاکہ اسی بنیاد پر ہم حق پرستوں کا ساتھ دے رہے ہیں اور آئندہ انتخابات میں انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے ۔ اس موقع پر حق پرست امیدوار صلاح الدین نے آئندہ انتخابات میں حمایت کااعلان کرنے پر پنجابی ویلفیئر کمیٹی کے عہدیداران سے دلی تشکر کااظہارکیااورانہیں یقین دلایا کہ حق پرست قیادت عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے گی ۔

## تنظیمی نظم و ضبط کی خلاف ورزی پر ابراہیم حیدری یونٹ کے کارکن واحدعلی خاصخیلی کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلا ف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی یونٹ ابراہیم حیدری کے کارکن واحدعلی خاصخیلی ولدمحمد موسیٰ خاصخیلی کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران و کارکنان کوہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا فرد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں ۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد اور ناظم آباد ٹاؤن یوسی 11کےحق پرست ناظم سے اظہارتعزیت

بطہ کمیٹی کااظہار کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹر یونٹ 161کے کارکن محمد احتشام کی والدہ محترمہ شمیم جہاں اور ناظم آباد گلبہار ٹاؤن یوسی 11کےحق پرست یوسی ناظم فرخ کامران کے والدلئیق احمد فاروقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کااظہا رکیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔

## ایم کیوایم لیاری ، نارتھ کراچی اورسوسائٹی سیکٹرز کے زیرا ہتمام پتنگ فیسٹول کی تقریبات

کراچی ۔۔۔6، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیاری سیکٹر ، نارتھ کراچی سیکٹراور سوسائٹی سیکٹر کے زیر اہتمام انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز پتنگ فیسٹول منعقد کئے گئے جن میں خواتین ، بچوں، نوجوانوں اوربزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔ پتنگ فیسٹول کی تقریبات میں کھانے پینے کی اشیاء ، خواتین کومہندی اور چوڑیاں پہنانے کے اسٹال بھی لگائے گئے تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم لیاری ، نارتھ کراچی اور سوسائٹی سیکٹرکے کارکنان نے ایم کیوایم کے پرچم کے رنگوں پر مشتمل پتنگیں اڑائی گئیں جس کے باعث ان علاقوں کی فضاؤں میں خوبصورت مناظر دیکھنے میں آئے ۔پتنگ فیسٹول کے سلسلے میں گراؤنڈ کو برقی قمقموں اور ایم کیوایم کے پرچموں سے سجایا گیا تھااور بچوں کیلئے جھولے بھی لگائے گئے تھے ۔ ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے تحت پتنگ فیسٹول محمدی گراؤنڈ گھانس منڈی منعقد ہوا جس میں حق پرست امیدوار ڈاکٹر فاروق ستار ، طاہر قریشی ، شعیب ابراہیم شریک ہوئے ۔ نارتھ کراچی سیکٹر کے تحت پتنگ میلے کی تقریب حمادی پارک ، مدیحہ روڈ ، پیلہ اسکول ، 5C-E، 5-1، 11-E کے میدان میں منعقد کی گئیں جن میں حق پرست امیدواران عادل صدیقی ، فرحت خان ، معید فاروقی ، عبدالوسیم ، اظہار ، صلاح الدین ،معین خان نے شرکت کی اسی طرح سوسائٹی سیکٹر کے تحت پتنگ فیسٹول کی تقریبات ہل پارک ،عوامی مرکز ، چاندنی چوک ،کوکن گراؤنڈ ، مرتضی گراؤنڈ ، خالد بن ولید گراؤنڈ میں منعقد کی گئی جن میں حق پرست امیدواران وسیم اختر، رشید گوڈیل، رضاہارون اور

سید سردار احمد نے شرکت کی ۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے زیر اہتمام پتنگ فیسٹول ، انتخابی ریلیوں اور کارنر میٹنگوں کے انعقاد کے باعث عوام میں زبردست و جوش وخروش پایا جارہا ہے اور ہر علاقے میں انتخابی گہما گہمی دکھائی دے رہی ہیں۔

## ایم کیوایم ،پاکستان کی ترقی وخوشحالی کی ضمانت ہے ، ڈاکٹر فاروق ستار
## لیاری سیکٹر کے تحت محمدی گراؤنڈ میں منعقدہ پتنگ فیسٹول کی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اوراین اے 249 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ،پاکستان کی ترقی وخوشحالی کی ضمانت ہے ۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے تحت محمدی گراؤنڈ میں منعقدہ پتنگ فیسٹول کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ جاگیردارانہ نظام کوتبدیل کرکے جمہوریت کے قیام کی جدوجہد کررہی ہے جہاں تعلیم اورروزگارعام ہواورخواتین کیخلاف امتیازی سلوک کا خاتمہ ہوگا ۔ انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے ایم کیوایم ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرے گی ۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات 2008ء میں عوام،حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنائیں گے ۔

## ایم کیوایم میں شمولیت اختیارکرنیوالے سابقہ مسلم اسٹوڈینٹس فیڈریشن کے وفدکی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔6فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیارکرنیوالے مسلم اسٹوڈینٹس فیڈریشن اورمسلم لیگ (ق)کے سابقہ عہدیداران کے نمائندہ وفدنے خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآبادمیں رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹرنصرت سے ملاقات کی اوران سے سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔وفدمیں سیکریٹری اطلاعات محمداعظم رانا،سابقہ مرکزی ایڈیشنل سیکریٹری محمدزاہدخان ،سابقہ صوبائی سیکریٹری اطلاعاتمحمدعلی ،سابقہ نائب صدور سندھ شاہدبلوچ،چوہدری زاہد ،سابقہ ایڈیشنل سیکریٹری کراچی آصف میمن ، سابقہ ناظم بہادرآبادناصردادمیرانی اورسابقہ انچارج بینارٹی ونگ مسلم لیگ(ق)ڈاکٹرسلیم کوثر شامل تھے۔اس موقع پرایم کیوایم کی پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجودتھے۔ وفدکے ارکان نے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے گزشتہ دو سال میں کراچی کےعوام کی جو خدمت کی ہے اس کی مثال 60 سالہ تاریخ میں نہیں ملتی۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے نامزدحق پرست امیدوارحلقہ این اے 253حیدر عباس رضوی اور امیدوارپی ایس 126فیصل سبزواری کی کامیابی کیلئے بھر پور حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔اس موقع پرڈاکٹرنصرت نے ایم کیوایم میں شمولیت پر انہیں مبارکبادپیش کی۔

## اختیارات سب کیلئے موضوع پرلال قلعہ گرامراسکول وکالج میں سمینارپتنگ میلہ کا انعقاد ، خواتین میں چوڑیاں، ڈوپٹے تقسیم کئے گئے ، مہندی کے اسٹال لگائے گئے

کراچی۔۔۔6فروری2008ء۔۔۔لال قلعہ گرامراسکول وکالج نارتھ کراچی کے زیراہتمام منگل کے روزمتحدہ قومی موومنٹ کے انتخابی منشور’’اختیارسب کیلئے‘‘کے موضوع پرایک روزہ سمینارمنعقدہواجس کی صدارت ممتازسینئرصحافی وکالم نگارآغامسعودحسین جبکہ حق پرست امیدوار برائے پی ایس 100 محمد عادل صدیقی مہمان خصوصی تھے۔اس موقع پرسندھ اسمبلی کی سابقہ ڈپٹی اسپیکرراحیلہ ٹوانہ کے علاوہ علماء کرام شعراء اورادباء بھی موجودتھے اورانہوں نے موضوع کی مناسبت سے اظہارخیال کیا۔بعدازاں پتنگ میلہ منعقدکیا گیا۔حق پرست امیدواربرائے قومی اسمبلی حلقہ این اے 244شیخ صلاح الدین ،صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 100عادل صدیقی اورپی ایس 101سے نامزدعبدالمعید نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پرانہوں نے بچوں کے ساتھ پتنگیں اڑائی ۔اس موقع پر پتنگ میلے میں شریک خواتین کو ایم کیو ایم کے پر چم کے رنگوں کی چوڑیاں،دوپٹے اوراسکارف تقسیم کیا گیا اورانہیں مہندی لگائی گئی۔

☆☆☆☆☆